## شیڈول آف چارجز

تمام چارجز درج ذیل آرڈر کے تحت لاگو ہوں گے۔

### 1. مختص فیس(Allocation Fees)

مختص فیس بنیادی شراکتی حصے کی فیصد کے طور پر

| سال | مختص فیس |
|---|---|
| 1 | 53% |
| 2 | 20% |
| 3 + | 5% |

### 2. وقف شراکتی حصہ( Waqf Contribution)

وقف شراکتی حصہ ماہانہ بنیادوں پر شریک کا سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) سے منہا کر دیا جائیگا۔
یہ وقف شراکتی حصہ بقیہ با قاعدہ شراکتی حصہ کوانشورنس رسک چارج (IRS) سے ضرب کرنے کی بنیادوں پر حاصل ہوتا ہے۔
اضافی خطرہ اموات اور اضافی پیشہ ورانہ خطرات کے پیشِ نظر چارجز اگر لاگو ہوں تو اطلاق ہوگا۔

### 3. انتظامی/وکلاء فیس(Admin/Wakala Fees)

سالانہ چارجز -/1200 روپے کے مساوی ہے شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ سے ماہانہ بنیاد پر منہا کیے جائینگے ان چارجز پر اسٹیٹ لائف وقتاً فوقتاً نظرِ ثانی کر سکتی ہے۔

### 4. یونٹ خریداری قیمت (Unit Allocation Charge )

شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں یونٹس کی خریداری کیلئے شراکتی حصّہ پر شرح 5 فیصد لاگو ہوگی۔

### 5. سرمایہ کاری وکلا فیس (Investment Wakala Fee)

مالی سال کے اختتام پر فنڈ کی ویلیو پر لاگو شرح 1.5 فیصد سالانہ ہوگی۔ یہ فیس روزانہ کی بنیاد پر یونٹس کی قیمت کے تعین کے وقت ایڈجسٹ کی جائے گی اور بعد ازاں سال کے اختتام پر منتظم کی ذیلی فنڈ میں منتقل کر دی جائے گی۔

### 6. مضارب فیس:

مالی سال کے آخر میں اسٹیٹ لائف (IFPTF) پر حاصل ہونے والی آمدنی کا تعین کرے گا یہ حاصل آمدنی وقف فنڈ اور اسٹیٹ لائف کے مابین 20:80 کے تناسب سے تقسیم کی جائے گی۔

## سرمایہ کاری خطرات(Investment Risk)

سرمایہ کاری کا خطرہ نفع یا نقصان کی صورت میں شریک برداشت کرے گا لہٰذا حُقیقی میچورٹی یا دستبرداری کی قدر جنہیں متعقع دُر کے طور پر بطور مثال پیش کیا گیا ہے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔

## اظہارِ لاتعلقی:

- اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کی ماضی کی کارکردگی، ضروری نہیں کہ مستقبل کی کارکردگی کے لیے رہنما ہو۔ کی جانے والی کوئی بھی پیش گوئیاں ضروری نہیں کہ مستقبل کی نشاندہی کرتی ہوں یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کا اشارہ ہو اور اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اس کی کوئی ذمہ داری نہیں اٹھائے گی۔
- ہمارے عملے کی طرف سے آپ کو فوائد کی ذاتی نوعیت کی مثال فراہم کی جائے گی۔ براہ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی تفہیم کے لئے مثال میں دیے گئے نوٹ سے رجوع کریں۔
- معاہدہ کے عمل میں آنے کے طریقہ کار کی تفصیل شرکا کی ممبرشپ کی دستاویز (پی ایم ڈی) کے مراعات اور شرائط میں دی گئی ہے۔ اس پروڈکٹ بروشر میں صرف مصنوعات کی خصوصیات اور فوائد کا عمومی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

# (فتویٰ)

میں بطور شریعہ ایڈوائیزر اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان ونڈو تکافل آپریشنز تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے اسٹیٹ لائف کی طرف سے پیش کی جانے والی پروڈکٹ ''طیّب تکافل اینڈوومنٹ پلان'' کی تفصیلات کا بمعہ اضافی فوائد بغور جائزہ لیا ہے۔ یہ پلان اسٹیٹ لائف (انفرادی لائف انشورنس) کے زمینی عملہ ہی کے ذریعہ پہنچایا جا رہا ہے۔ یہ پلان وکالہ۔ وقف ماڈل کی بنیاد پر استوار ہے۔

میں نے تمام متعلقہ کارروائی اور کاغذات کا بھی جائزہ لیا ہے، ان کاغذات میں ممبرشپ ڈاکیومینٹ کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ میں نے فیملی تکافل فنڈ سے متعلق انوسٹمنٹ کا بھی جائزہ لیا اور مستقبل میں بھی اس کی نگرانی رہے گی۔

میری ممکنہ معلومات کے مطابق ''طیّب تکافل اینڈوومنٹ پلان'' کی عملی تفصیلات، سرمایہ کاری اور معاہداتی کاغذات وغیرہ شرعی اصولوں کے مطابق ہیں۔

میری رائے میں شرعی اعتبار سے اس پلان کی رُکنیت لینا اور وقف فنڈ کے فوائد حاصل کرنا جائز ہے۔

(مفتی محمد حسّان کلیم)
فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی،
شریعہ ایڈوائیزر (اسٹیٹ لائف ونڈو تکافل آپریشنز)

تکافل ڈویژن، آٹھویں منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 1، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

فون نمبر: 87-021-99217286 فیکس نمبر: 021-99217282
ای میل: dhtakaful@statelife.com.pk
ویب سائٹ: www.statelife.com.pk

اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

طیّب
Tayyab

# تکافل
## اینڈوومنٹ پلان



اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اسٹیٹ لائف فخریہ طور پر ''تکافل اینڈ و ومنٹ پلان'' کے نام سے شریعہ سے ہم آہنگ بونس (اضافی فوائد) کی پروڈکٹ پیش کر رہا ہے۔ یہ پلان آپکی مستقبل کی ضروریات جیسا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد کی معاشی ضروریات، کاروبار کے استحکام اور وسعت، بچوں کی تعلیم اور شادی کے اخراجات، زمین کی خریداری یا مکان کی تعمیر وتوسیع جیسے اہم فرائض کو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری اور بچت کے ذریعہ پورا کرتا ہے اور ناگہانی وفات کی صورت میں خاندان کو معاشی تحفظ بھی فراہم کرتا ہے۔

تکافل عربی زبان کا لفظ ہے جو کفالہ سے نکلا ہے۔ جس کے معنی ضمانت اور دیکھ بھال کے ہیں تکافل دورِ جدید میں روائتی انشورنس کے شرعی متبادل کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ باہمی خطرات کے اشتراک کا طریقہ کار ہے جو معاشرے میں خوش حالی کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ فیملی تکافل منصوبہ کی بنیاد باہمی تعاون یکجہتی اور بھائی چارہ ہے۔ جو شریعت کی نظر میں پسندیدہ عمل ہے۔ فیملی تکافل منصوبہ کے تحت تکافل شرکاء مشترکہ طور پر ایک دوسرے کو موت اور معذوری کی صورت میں تحفظ اور مدد فراہم کرتے ہیں۔

## تکافل کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

- تکافل میں حصہ لینے والے افراد ایک رقم ادا کرتے ہیں جسے شراکتی حصہ (Contribution) کہا جاتا ہے۔ یہ رقم شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (اسے یہاں PIEF کہا جائیگا) میں جمع ہوتی ہے۔ اس اکاؤنٹ سے کچھ کٹوتیاں ہوتی ہیں (جنکی تفصیل لاگو چارجز کے تحت ہے) اس اکاؤنٹ کی رقم شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کے زریعہ بڑھائی جاتی ہے اسی اکاؤنٹ سے مستقل کٹوتی کے زریعہ ایک طے شدہ حصہ وقف فنڈ (تکافل فنڈ سے یہاں IFPTEF کہا جائیگا) میں بطور تبرع (عطیہ) شریک کیطرف سے جمع کیا جاتا ہے۔ وقف فنڈ (تکافل فنڈIFPTEF) ممکنہ خطرات کے اثرات کی مالی تلافی فراہم کرنے کیلئے وقف کے شرعی اصول کی بنیاد پر قائم امداد باہمی کا فنڈ ہے۔
- ونڈو تکافل آپریٹر (اسٹیٹ لائف ونڈو تکافل) بحیثیت وکیل / مضارب شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIEF) اور وقف فنڈ (تکافل فنڈIFPTEF) دونوں کا انتظام وانصرام کرتا ہے اور انکی سرمایہ کاری کی ذمہ داری انجام دیتا ہے۔
- انتقال یا معذوری پیش آنیکی یا کسی بھی اعلان شدہ صورت میں وقف فنڈ (تکافل فنڈIFPTEF) سے طے شدہ فوائد ادا کئے جاتے ہیں۔ نیز وقف فنڈ کی زائد آمدنی (جسے سرپلس کہا جاتا ہے) بھی طے شدہ طریقہ کار کے مطابق بطور (اضافی فوائد) شرکاء میں تقسیم کی جاتی ہے یا تقسیم کیلئے محفوظ رکھی جاتی ہے۔

## شریعہ کمپلائنٹ فنڈ کیا ہے؟

شریعہ کمپلائنٹ فنڈ شریعت کے عین مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے جیسا کہ اسلامک ایکویٹی، سکوک اسلامک ٹرم سرٹیفکیٹ، اسلامک میوچل فنڈ اور اسلامک بینکنگ انسٹیٹیوشن میں سرمایہ کاری وغیرہ۔ اس فنڈ میں کسی بھی قسم کا سود (intrest) قمار (Gambling) اور غرر (Uncertainty) کا عنصر شامل نہیں ہے۔

## شراکتی حصہ (Contribution) اور اصل قیمت (Face Value) کا تعین کیسے کیا جائے گا؟

شریک (Participants) اپنی صوابدید پر شراکتی حصہ اور اصل قیمت کا تعین کرتا ہے جو اس کی ماہانہ بچت اور مستقبل کی ضروریات پر منحصر ہوتی ہیں۔

## منصوبہ کی مدت اور عمر کی حد کیا ہے؟

یہ منصوبہ 18 سے 65 سال قابلِ قبول عمر اور زیادہ سے زیادہ 75 سال کی میچورٹی کی مدت سے مشروط 10 سے 57 سال کی مدت کیلئے دستیاب ہے۔

## کم از کم شراکتی حصہ (Contribution) کیا ہے؟

| ماہانہ | سہ ماہی | ششماہی | سال |
|---|---|---|---|
| Rs. 1,400/= | Rs. 4,100/= | Rs. 8,000/= | Rs. 15,000/= |

### انتقال کی صورت میں ملنے والے فوائد

ممبر شپ کی مدت کے دوران شریک (Participant) کے انتقال کی صورت میں شرکاء کے اینڈ وومنٹ تکافل فنڈ (IFPTEF) سے فوائد ادا کئے جائیں گے۔ اسکے علاوہ شریک کے انوسٹمنٹ اینڈ وومنٹ فنڈ (PIEF) کی جمع شدہ مالیت بھی نامزد فرد کو ادا کی جائیگی۔

### مدت پوری ہونے پر ملنے والے فوائد

ممبر شپ کی مدت پوری ہونے پر تحفظ کی رقم اور اعلان شدہ بونسز شرکاء کے اینڈ وومنٹ تکافل فنڈ (IFPTEF) سے ادا کئے جائیں گے نیز شریک کے انوسٹمنٹ اینڈ وومنٹ فنڈ (PIEF) کی جمع شدہ مالیت بھی ادا کیجائیگی۔

## کیا شریک اپنی ممبر شپ ختم کر سکتا ہے۔؟

اگر دو باقاعدہ شراکتی حصے مکمل طور پر وصول ہو چکے ہیں اور ممبر شپ مئوثر ہے یا مکمل ادا شدہ (Paid up) ہو چکی ہے تو کسی بھی وقت شریک اپنی ممبر شپ ختم کر سکتا ہے۔ ممبر شپ کے تیسرے سال کے دوران شریک اپنے انوسٹمنٹ فنڈ (PIEF) کی جمع شدہ رقم اور تحفظ کی رقم میں سرینڈر ر ویلیو کا حقدار ہوگا اور یہ سرینڈر ویلیو شرکا اینڈ وومنٹ فنڈ (تکافل فنڈIFPTEF) سے درخواست کی تاریخ کے مطابق ادا کیجائیگی۔ چوتھے سال سے شریک فنڈ مذکورہ بالا کے علاوہ تکافل فنڈ (IFPTEF) سے ملنے والے بونسز (اگر ہوں) کا بھی حقدار ہوگا۔

## اعلان شدہ بونسز کب ادا کیئے جائیں گے؟

اعلان شدہ بونسز شرکاء اینڈ وومنٹ فنڈ (IFPTEF) کا حصہ رہینگے اور انتقال کے موقع پر یا مدت کے اختتام پر تحفظ کی رقم سمیت قابلِ ادا ہونگے۔

## پی ٹی آئی ایف (تکافل فنڈ) کی اضافی رقم (سرپلس / بونسز) کی تقسیم کن بنیادوں پر ہوگی؟

شرکاء اینڈ وومنٹ تکافل فنڈ (تکافل فنڈIFPTEF) سے پیدا ہونے والی زائد رقم (سرمنافع / بونسز) اسٹیٹ لائف کے ایکچوری اور شریعہ مشیر کی منظوری کے بعد شرکا میں تقسیم کے قابل ہوگی قابلِ تقسیم منافع 97.5% بونسز کی شکل میں شرکاء کے درمیان تقسیم کیا جائیگا اور باقی ماندہ 2.5 فیصد حصّہ تکافل آپریٹر کے سب فنڈ (OSF) کو بطور مضارب فیس منتقل کر دیا جائیگا۔
اگر شرکاء اینڈ وومنٹ تکافل فنڈ (IFPTEF) میں نقصان کی صورتِ حال ہو تو تکافل آپریٹر سب فنڈ (OSF) سے رقم بطور قرضِ حسنہ ادا کی جائیگی جو مستقبل کے سرمنافع سے ابتدائی کٹوتی کے طور پر OSF کو لوٹا دی جائیگی۔

## جزوی طور پر رقوم کس طرح نکالی جاسکتی ہیں؟

اگر ممبر شپ کے دو سال مکمل ہو گئے ہیں اور دو باقاعدہ شراکتی حصوں کی اسٹیٹ لائف کو وصولیابی ہو چکی ہے تو جزوی طور پر رقم نکالنے کی اجازت ہوگی۔
درج ذیل شرائط کے مطابق شریک اپنے انوسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIEF) میں جمع شدہ رقم نکال سکتا ہے بشرطیکہ اسکے PIEF کی باقی ماندہ رقم کم از کم پچاس ہزار روپے یا اسکا پچاس فیصد حصّہ (دونوں میں سے جو زیادہ) ہو جزوی طور پر رقم نکالنے کی کم از کم حد دس ہزار روپے ہے۔

## اس پلان کے ساتھ کون سے اضافی تکافل فوائد منسلک کیے جاسکتے ہیں؟

شریک اس پلان کے تحت پیش کردہ تکافل کوریج کا دائرہ کار وسیع کرنے کے لیے درج ذیل اختیاری تکافل فوائد کا انتخاب کرسکتا ہے:

### i حادثاتی موت (Accident Death Benefit)

اس ضمنی معاہدہ کے تحت، شریک کی حادثاتی موت کی صورت میں اصل قیمت کے مساوی اضافی یکمشت رقم ورثاء کو ادا کی جائے گی۔

### ii حادثاتی موت اور تلافی (Accidednt Death & Indemnity Benefits) کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدہ کے تحت شریک کی حادثاتی موت کی صورت میں اصل قیمت کے مساوی اضافی یکمشت رقم ورثاء کو ادا کی جائے گی۔ مزید یہ کہ اس ضمنی معاہدہ کے تحت حادثے کی وجہ سے مستقل یا جزوی معذوری کی صورت میں طے شدہ فوائد بھی حاصل ہونگے۔

(نوٹ: شریک مندرجہ بالا i یا ii میں سے کسی ایک حادثاتی ضمنی معاہدہ کا انتخاب کرسکتا ہے)

### ii خاندانی آمدنی کا ضمنی معاہدہ (Family Income Benefit)

اس ضمنی معاہدہ کے تحت شریک کی وفات کی صورت میں نامزد وارث کو طے شدہ اصل قیمت کا 10 سے 50 فیصد تک سالانہ بنیادوں پر ادائیگی ضمنی معاہدے کی اختتامی تاریک تک ادا کی جائیگی۔

## مالیت بڑھانے کے اضافی اختیارات (Additional Value Added Options):

شریک مندرجہ ذیل اختیارات میں سے کوئی ایک اختیار حاصل کر کے باقاعدہ شراکتی حصّہ کی اشاریہ کاری کے ذریعے افراطِ زر سے اپنا بچاؤ کرسکتا ہے۔

### I افراطِ زر سے تحفظ / اشاریہ سازی (Inflation Protection/Indexation):

شریک مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے افراطِ زر سے تحفظ حاصل کرسکتا ہے۔

### i شراکتی حصے کی اشاریہ سازی (Indexation of Contributions)

اس انتخاب کے تحت، باقاعدہ شراکتی حصہ رکنیت کے ہر سال 6 فیصل تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ تاہم پلان کا بنیادی سالانہ شراکتی حصہ دراصل قیمت بمع اضافی فوائد (اگر کوئی ہو) اہی رہینگے جو پالیسی کے اجراء کے وقت تھے۔

### II تیز رفتار شراکتی حصہ فنڈ (Fund Acceleration Contribution)

اس پلان میں شریک کے لئے لچک اختیار کی گئی ہے کہ اگر وہ چاہے تو اضافی فنڈ مہیا کر کے مزید سرمایہ کاری کرسکتا ہے اور یہ اختیار پالیسی کے لاگو ہونے کی مدت میں کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے تیز رفتار شراکتی فنڈ وصول ہونے پر (لاگو چارجز منہا کرنے کے بعد) یونٹس شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں جمع کرا دیئے جائیں گے۔ کم از کم شراکتی حصہ کی حد -/10,000 روپے ہے۔